# یوسف



Published by the Comic Bible Society, LLC
Copyright © 2021

Kingstone Comics maintains copyright to this comic book as provided by United States copyright law.

Print and digital copies of this version may be freely distributed without penalty under a Creative Commons license.


یعقوب کا راخل سے پیدا ہونے والا بیٹا یوسف جب اپنے بھائیوں کے ساتھ بھیڑ بکریاں چرانے جاتا تو اُنکے کاموں کے بارے میں باپ کو اطلاع دیتا۔
کیونکہ یوسف اُس کے بُڑھاپے کا بیٹا تھا اور یعقوب نے اُسے ایک خوبصورت بُوقلمُون قبا بنوادی۔
کیا تمہیں کچھ نظر آتا ہے؟ اُسے تو اپنے لئے خاص قبا مِلی ہے۔
اب اس میں کوئی شک نہیں رہا کہ ہمارے باپ کو کون زیادہ عزیز ہے۔
لیکن خُدا نے یوسف کو ایک خواب دکھایا۔
مجھے تو وہ اُس رنگ برنگی قبا میں ایک نظر بھی نہیں بھاتا۔
باپ کے چہیتے لڑکے کو سبق سِکھانے کی ضرورت ہے۔


پیدائش 5-1:37


میں نے ایک خواب دیکھا، ہم کھیت میں پُولے باندھتے تھے اور کیا دیکھتا ہوں کہ میرا پُولا اُٹھا اور سیدھا کھڑا ہو گیا اور تمہارے پُولوں نے میرے پُولے کو چاروں طرف سے گھیر لیا اور اُسے سجدہ کیا۔
کیا تُو سچ مُچ ہم پر سلطنت کرے گا؟
کیا تُو سوچتا ہے کہ ہم پر تیرا تسلُّط ہوگا؟
تم خواب دیکھو تب تک ہم کام کرتے ہیں۔
دیکھو میں نے ایک اور خواب دیکھا ہے اور میں تمہیں بتانا چاہتا ہوں۔
اور اِس بار سُورج اور چاند اور گیارہ سِتاروں نے مجھے سجدہ کیا۔
کیا مَیں اور تیری ماں اور تیرے بھائی سچ مُچ تیرے آگے زمین پر جھک کر تجھے سجدہ کریں گے؟
اَے میرے باپ، ہم نے کہا تھا۔۔ یہ صرف خواب دیکھتا رہتا ہے اور کوئی کام نہیں کرتا۔
اور اُس کے بھائیوں کو اُس سے حسد ہوگئی لیکن اُس کا باپ سوچتا رہا کہ اس کا کیا مطلب ہوسکتا ہے۔
پیدائش 37:6-11






پیدائش 37:12-27




پیدائش 37:28-35




پیدائش 37:36;39:1-10


اورایک دِن یُوں ہُوا کہ گھر کے آدمِیوں میں سے کوئی بھی اندر نہ تھا، تو اُس نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا۔
آؤ ہم اپنی محبت کی پیاس بجھائیں۔ میرے ساتھ بستر میں آؤ۔
میری مدد کرو! میری مدد کرو۔۔
دیکھو وہ ایک عِبری کو ہم سے مذاق کرنے کے لیے ہمارے پاس لے آیا ہے۔۔۔ جب اُس نے دیکھا کہ مَیں زور زور سے مدد کے لئے چِلاّئی تو وہ بھاگ گیا۔۔۔ لیکن میں اس کا پیراہن پکڑ پائی۔
اس کے لئے اب ایک ہی جگہ ہے۔۔۔ اُسے شاہی قید خانہ میں ڈال دیا جائے۔
فوراً!


لیکن قید خانہ میں بھی۔۔۔خُداوند یُوسف کے ساتھ تھا۔
میں اُس خبر کو تسلیم نہیں کرتا جس کی وجہ سے تم یہاں آئے ہو۔تم ضرورت مندوں کی مدد کرتے ہو، کھانے کی تقسیم اچھے سے کرتے ہو اور اپنے لئے بھی ضرورت کے مطابق لیتے ہو۔
اور قَید خانہ کے داروغہ نے سب قَیدیوں کو جو قَید میں تھے یُوسف کے ہاتھ میں سَونپا اور کہا تم صرف مجھے جواب دہ ہو۔
جو کُچھ یوسف کرتا خُداوند اُس میں اِقبال مندی بخشتا تھا۔
پیدائش 39:20-23


فِرعون اپنے حاکموں سے جن میں ایک ساقیوں اور دُوسرا نان پزوں کا سردار تھا ناراض ہوگیا اور اُنہیں قید خانہ میں نظر بند کروادِیا۔
اُف!
ہائے!
تم کیسے اس طرح کی بوسیدہ جگہ پر رہ سکتے ہو؟
میں جہاں کہیں بھی رہوں مطمئن ہوتا ہوں اور یہ سب کچھ مجھے خُداوند نے سِکھایا تھا۔
کون سے خُدا نے؟ وہ جو کوئی بھی ہو، بہر حال وہ یہاں رہنے والے تمام لوگوں کو بھول گیا ہے۔
آج تُم کیوں ایسے اُداس نظر آتے ہو؟
یوسف نے اُن سے کہا ہم نے ایک خواب دیکھا ہے جس کی تعبیر کرنے والا کوئی نہیں۔
یُوسف نے اُن سے کہا کیا تعبیر کی قُدرت خُدا کو نہیں؟ مُجھے ذرا وہ خواب بتاؤ۔

پیدائش 40:1-8






پیدایش 40:9-23


دو برس کے بعد۔
سب جادُوگروں اور سب دانِش
مندوں کو میرے حضور پیش کرو۔
میں نے کل رات دو خواب دیکھے۔۔۔
میرے لئے اِن دونوں کی تعبیر کرو۔
میں نے خواب میں دیکھا کہ سات موٹی اور خوب صورت گائیں دریا سے نِکل کر ریگستان میں چرنے لگیں۔۔
اُن کے بعد اَور سات خراب اور نِہایت بدشکل اور دُبلی گائیں دریائے نیل سے نِکلیں اور وہ
اُن پہلی ساتوں موٹی گایوں کو کھا گئیں۔
تب میں جاگ گیا۔






پیدائش 41:5-13






پیدائش 41:14-34




پیدائش 41:33-43






پیدائش 41:40-52












پیدائش 41:53-57


کہ تُم کیوں ایک دُوسرے کا مُنہ تا کتے ہو!
دیکھو مَیں نے سُنا ہے کہ مِصؔر میں غلّہ ہے۔ تُم وہاں جاؤ اور وہاں سے ہمارے لِئے اناج مول لے آؤ تا کہ ہم زِندہ رہیں اور ہلاک نہ ہوں۔
تم دس بھائی غلّہ مول لینے کو مِصؔر میں جاؤ۔
بنیمین میرے پاس یہیں رہے گا کہیں راستہ میں اُس پر کوئی آفت نہ آ جائے۔
یہ تو میرے تصور سے بھی بڑا ہے۔
ہوسکتا ہے کہ اُنکے اناج کے گودام بھی بہت بڑے ہوں۔
میرے آقا، کنعان سے کچھ عبرانی لوگوں کا گروہ آیا ہے جو اناج خریدنا چاہتا ہے۔
اگر اُنکے پاس خریداری کے لئے سونا اور چاندی ہے تو ہم ضرور اُنکی ضرورت پوری کریں گے۔


تُم کہاں سے آئے ہو؟
ہم کنعان کے مُلک سے ہیں اور اناج مول لینے کو آئے ہیں۔
تُم جاسُوس ہو اور اِس مُلک کی حالت دریافت کرنے کو آئے ہو۔
نہیں، ہم سچے ہیں۔ تیرے غُلام جاسُوس نہیں ہیں۔
اور یُوسف کو اپنے خواب یاد آئے۔
نہیں۔ تُم آئے ہو کہ اِس مُلک کی بُری حالت دریافت کرو۔
نہیں، ہم بارہ بھائی ایک ہی شخص کے بیٹے ہیں۔
سب سے چھوٹا اِس وقت ہمارے باپ کے پاس ہے اور ایک کا کچھ پتا نہیں۔
میں تو تُم سے کہہ چُکا کہ تُم جاسُوس ہو سو تُمہاری آزمایش ہوگی۔
تُم مصر سے جانے نہ پاؤ گے جب تک تُمہارا سب سے چھوٹا بھائی یہاں نہ آ جائے۔ ایک کو بھیجو کہ وہ تُمہارے بھائی کو لے آئے اور تُم قید رہو۔
اُنہیں قید خانہ میں ڈال دو!
پیدایش 42:6-17







پیدائش 42:18-24


صفنات فعنیح حکم دیتا ہے کہ یہ مرد جس قدر اناج لے جانا چاہیں اپنے بوروں میں بھر کر لے جائیں۔
پھر یُوسف نے حُکم کِیا کہ اُن کے بوروں میں اناج بھریں اور ہر شخص کی نقدی اُسی کے بورے میں رکھ دیں اور اُن کو زادِ راہ بھی دے دیں۔
جی۔ میرے آقا۔
جلدی کرو۔۔۔ یہاں آؤ!
دیکھو، میری نقدی میرے بورے میں ہے۔
خُدا نے ہم سے یہ کیا کیا؟




پیدائش 42:29-38






پیدایش 43:1-14




پیدائش 43:15-25




پیدایش 43:25-30


کھانا پیش کیا
جائے۔
رواج کے مطابق مصریوں کا عبرانیوں کے ساتھ کھانا کھانا اچھا نہ سمجھا جاتا تھا۔
یُوسف کے بھائی اُس کے سامنے ترتیب وار اپنی عُمر کی بڑائی اور چھوٹائی کے مُطابِق بیٹھے اور حیران تھے۔
دیکھو۔۔ بِنیمین کا حِصّہ اُن کے
حِصّوں سے پانچ گُنا زِیادہ تھا۔


اِن آدمیوں کے بوروں میں جتنا اناج وہ لے جاسکیں بھردو اور ہر شخص کی نقدی اُسی کے بورے کے مُنہ میں رکھ دو۔
اور میرا چاندی کا پیالہ سب سے چھوٹے کے بورے کے مُنہ میں اُس کی نقدی کے ساتھ رکھنا۔
میں گھر جانے کے لئے بیتاب ہوں۔
یہ میں تھا جو کئی مہینوں سے قید میں بیٹھا تھا!
کیا---
یہ تم نے کیا کر دیا؟
کیا یہ وُہی پیالہ نہیں جس سے میرا آقا پیتا ہے۔
اِسے دور کردو!
ہم ایسا کیوں کریں گے۔ ہم نے تو وہ نقدی بھی واپس کر دی جو ہمیں ہمارے بوروں میں ملی تھی۔



پیدائش 44:1-8


اگر تیرے خادِموں میں سے جس کسی کے پاس وہ نکلے وہ مار دِیا جائے اور ہم بھی اپنے خُداوند کے غُلام ہو جائیں گے۔
ان کے بوروں کی تلاشی لو۔
سب ہو گئے ہیں لیکن یہ چھوٹا رہ گیا ہے۔
اچھی طرح سے تلاشی لو۔
تم نے ہمارے آقا صفنات فعنیح کے گھر چوری کی تم کو اُس کے حضور پیش ہونا ہوگا۔
سخاوت کے بدلے تم نے اُن کو دھوکہ دیا ہے۔
ایسا نہیں ہو سکتا۔۔۔ ہمارا باپ کبھی بھی یہ برداشت نہیں کرے گا۔
پیدایش 44:-9-13


تُم نے یہ کیسا کام کیا؟ کیا تُم کو معلوم نہیں کہ مُجھ سا آدمی ٹھیک فال کھولتا ہے؟
ہم اپنے خُداوند سے کیا کہیں۔۔ہم کیسے اپنی بے گناہی ثابت کریں؟
اگرچہ تُو فرعون کی مانند ہے۔۔ تو بھی ہماری بات سن۔
تُو نے ہم سے پوچھا کہ کیا ہمارا باپ یا بھائی ہے۔
اور ہم نے اپنے خُداوند سے کہا تھا کہ ”ہمارا ایک بُوڑھا باپ ہے اور اُس کے بُڑھاپے کا ایک چھوٹا لڑکا بھی ہے“
”اُس کا بھائی مر گیا ہے اور وہ اپنی ماں کا ایک ہی رہ گیا ہے۔سو اُس کا باپ اُس پر جان دیتا ہے“
تو نے اپنے خادموں سے کہا کہ تب تک واپس نہ آنا جب تک اُس کو ساتھ نہ لاؤ۔
اور جب دوبارہ ہمیں خوراک کی قلت ہوئی تو ہمارے باپ نے ہم سے کہا۔۔
میری بیوی کے مُجھ سے دو بیٹے ہُوئے۔ایک تو مُجھے چھوڑ ہی گیا اور مَیں نے خیال کیا کہ وہ ضرُور پھاڑ ڈالا گیا ہوگا۔مَیں نے اُسے اُس وقت سے پھر نہیں دیکھا۔
اب اگر اِس پر کوئی آفت آ پڑے تو تُم میرے سفید بالوں کو غم کے ساتھ قبر میں اُتاروگے۔
تیرا خادِم اِس لڑکے کا ضامِن بھی ہے۔
میں اِس لڑکے کے بدلے اپنے خُداوند کا غُلام ہو کر رہ جاؤں اور یہ لڑکا اپنے بھائیوں کے ساتھ اپنے باپ کے پاس واپس چلا جائے۔۔کہیں اَیسا نہ ہو کہ مُجھے وہ مصیبت دیکھنی پڑے جو اَیسے حال میں میرے باپ پر آئے گی۔


ہر ایک آدمی کو میرے پاس سے دُور کردو!
آہ!!!
میں۔۔میَں یُوسف ہُوں۔۔تمہارا بھائی۔
۔۔۔جسے تم نے غلام کے طور پر بیچ دیا تھا۔
ایسا نہیں ہوسکتا۔۔۔۔
ک۔ک۔کیا۔۔۔

پیدائش 45:1-4


اب دو برس سے مُلک میں کال ہے اور ابھی پانچ برس اَور اَیسے ہیں۔
خُدا نے مُجھ کو تُمہارے آگے بھیجا تا کہ تُمہارا بقیّہ زمِین پر سلامت رکھّے اور تُم کو بڑی رہائی کے وسِیلہ سے زِندہ رکھّے۔
اپنے آپ سے ناراض نہ ہو اور نہ اپنے دِل میں پریشان ہو۔
تُم نے نہیں بلکہ خُدا نے مُجھے یہاں بھیجا ہے۔
سو تُم جلد میرے باپ کے پاس جا کر اُس سے یہ کہو۔۔۔
خُدا نے مُجھ کو سارے مِصؔر کا مالِک کر دِیا ہے۔
اور یوسف اپنے بھائیوں سے مل کر رویا۔
تُم جلدی سے میرے پاس آجاؤ میں تمہیں جشن کے عِلاقہ میں آباد کر دونگا۔
تمہیں اب مزید تاخیر کئے بغیر اپنے باپ کے پاس جانا چاہیے۔ ورنہ تم مُفلس و محتاج رہ جاؤ گے۔


پ--پ
میں بہت خوش ہوں۔
صفنات فعنیح کو پیغام بھیجو۔
ایک بہت دلچسپ کہانی میرے کانوں تک پہنچی ہے۔
یہ سب سچ ہے میرے مالک۔۔کہ کس طرح میں یہاں پہنچا تا کہ فرعون کی خدمت کروں۔۔اور میرے خُداوند خُدا کا مقصد کیا تھا۔
اپنے بھائیوں سے کہہ کہ وہ اپنے باپ کو اور اپنے اپنے گھرانے کو لے کر میرے پاس آجائیں۔
اپنے بال بچّوں اور اپنی بیویوں کے لِئے مُلکِ مِصر سے اپنے ساتھ گاڑیاں لے جاؤ۔۔مُلکِ مِصر کی سب اچھّی چیزیں تُمہارے لِئے ہیں۔
دس گدھے جو مِصر کی اچھّی چیزوں سے لدے ہُوئے تھے اور ہر ایک کو نئے کپڑے بھی دِئے۔
لیکن بنیمین کو چاندی کے تین سَو سکے اور پانچ جوڑے کپڑے دِئے۔
اور راستہ میں تُم جھگڑا نہ کرنا!
پیدائش 45:16-24


یوسف زندہ ہے!
یوسف زندہ ہے!
کیا یہ سچ ہے!
یوسف زندہ ہے!
وُہی سارے مُلکِ مِصرؔ کا حاکم ہے!
فرعون سے ایک درجہ کم۔
یہ ممکن نہیں لگتا۔۔۔
ہاں، یوسف زندہ ہے۔۔وہ گاڑِیاں دیکھ لیں جو مصر سے آپ کو اور ہمارے خاندانوں کو واپس اُس کے پاس لے جانے کے لئے ہیں۔
میرا بیٹا! یُوسفؔ اب تک جِیتا ہے۔
مَیں اپنے مَرنے سے پیشتر جا کر اُسے دیکھ تو لُوں گا۔
پیدائش 45:25-28




پیدائش 46:1-27






پیدائش 46:28-34






پیدایش 47:1-12




پیدائش 47;13-31


تیرا باپ بیمار ہے۔ شاید وہ مرنے کے قریب ہے۔
جلدی، میرے بھائیوں کو اکٹھا کرواور ہم اُس کے پاس جائیں گے۔
تمہارا بیٹا یوسف آیا ہے۔
اُسے میرے پاس لاؤ۔
خُدا ایِ قادرِ مُطلق مُجھے لُوز میں جو مُلکِ کنعان میں ہے دِکھائی دِیا۔
اُس نے مجھ سے وعدہ کیا کہ مَیں تجھے برومند کرُوں گا اور یہ زمین ہمیں دائمی مِلکیّت کے طور پر دے گا۔
یہ کون ہیں؟
یُوسف نے اپنے باپ سے کہا یہ میرے بیٹے ہیں جو خُدا نے مُجھے یہاں دِئے ہیں۔
اُنہیں میرے پاس لاؤ تا کہ میں اُن کو برکت دوُں۔
مُجھے تو خیال بھی نہ تھا کہ تیرا مُنہ دیکھوں گا لیکن خُدا نے تیری اَولاد بھی مُجھے دِکھائی۔






پیدائش 48:12-22






پیدائش 49:1-32




پیدائش 50:1-21


یُوسف ایک سَو دس برس تک جیتا رہا۔اور یُوسف نے اپنی اَولاد کی تیسری پُشت تک دیکھی۔
اور یوسف نے اپنے بھائیوں سے یہ الفاظ کہے۔۔۔
اگرچہ میں مَرنے کے قریب ہُوں، خُدا یقیناً تُم کو یاد کرے گا اور تُم کو اُس مُلک میں پُہنچائے گا جس کے دینے کی قَسم اُس نے ابرہام سے کھائی ہے۔
اور جب وہ ایسا کردے۔۔ تُم ضرُور ہی میری ہڈّیوں کو یہاں سے لے جانا۔
اور یوسف کی لاش میں خوشبو بھری اور اُسے مصر ہی میں دفن کیا گیا۔

“THE BIBLE EXPLAINED IN EVERY LANGUAGE.”





# SUPERBIBLE.TV